میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ شام

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنًاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

پیر، 25 ربیع الثانی ،1438ھ | 23/01/2017 | نمبر: 010/1438

امریکی سیاسی حل مکاری سے بھرے اُس درخت کا نام ہے جس کا پھل باہمی لڑائی ہے

بلاد شام میں بین الگروہی لڑائی چل رہی ہے جبکہ اسی کے متوازی آستانہ کانفرنس بھی جاری ہے، اس کی اہمیت اُن تمام لوگوں پر بھی واضح ہے جو سوجھ بوجھ رکھتے ہیں اور اُن پر بھی جو اِس لڑائی کے ذمہ دار ہیں۔ ہر وہ شخص جو اسے روک سکتا تھا لیکن نہیں روکا، اور ہر وہ شخص جو اس صورتحال سے خوش ہے، شام کے لوگوں سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ ان دھڑوں میں لڑائی اب ایک عمومی بات ہے اور جب بھی خون خرابہ ہوا معمولی بات پر اور ایسی بات پر ہوا جس پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے کوئی حجت کوئی دلیل نہیں تھی۔ باوجود اس کے کہ مخلص لوگ خبردار کرتے رہے لیکن ان کی ایک نا سنی گئی۔

اس باہمی خانہ جنگی کا پیش خیمہ دراصل 29 دسمبر 2016 کو کیا جانے والا جنگ بندی کا اعلان تھا۔ یہ لڑائی امریکی سیاسی حل کی ضروریات میں سے تھی تاکہ امریکی حل کے انکاریوں کو دہشت گرد گروہوں کے ساتھ نتھی کیا جاسکے۔

اے دارلاسلام کے مسکن الشام کے مسلمانوں، اب یہ کوئی خفیہ بات نہیں رہی کہ انقلاب جس صورتحال سے دوچار ہے اس کے اسباب دشمنوں کی سازشوں سے آگاہی کی کمی اور ایک ایسی زیرک سیاسی قیادت کا فقدان ہے جو باہمی لڑائی اور پاکیزہ خون کی پامالی کو روک سکتی۔ ان دھڑوں کے ہاتھوں میں ہتھیار الشام کی عوام کے تحفّظ اور ان کی عزت کی حفاظت کے لیے ہیں نہ کہ آپس میں خانہ جنگی کے لیے۔ انقلاب میں موجود طاقت کو ایک سیاسی قیادت چاہیے جو لائحہ عمل کا تعین کرے اور ایسے نصب العین کی تشخیص کرے جس کی طرف تمام بندوقوں کا روخ موڑا جائے۔

اے بلاد الشام کے اہل الرائے اور شرفاء، آپ کے کندھوں پر عظیم ذمہ داری ہے، آپ ہی انقلاب کی سمت پر اثر انداز ہونے والی کسی بھی کوتاہی کی سرکوبی کرسکتے ہیں، اور آپ ہی اسلحہ برداروں میں جھگڑوں کا تصفیہ کرسکتے ہیں۔ اس خانہ جنگی کو مسترد اور اس کے انکار کا اعلان کریں، اپنے بیٹوں کو ایسی ہر گروہی قیادت کی فرمانبرداری سے روکیں جو کہ رب العالمین کی معصیت میں ہو کیونکہ رب کی معصیت میں مخلوق کی اطاعت نہیں ہے۔ اور یہ جان رکھیے کہ اس انقلاب کی تصحیح (درستگی) بغیر ایک مخلص سیاسی قیادت کے، جو اسلام کے عظیم تر منصوبے کی تکمیل پر عمل پیرا ہو، کے بغیر ممکن نہیں، اور صرف اسلام ہی کی بنیاد پر قیادت کرے، اس سے پہلے کے ظالم اس انقلاب پر قبضہ کرلیں کریں اور خون کے سوداگر اس کا سودا کریں۔ ایسے ہو جاؤ جیسے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ چاہتے ہیں، اس کے مخلص بندے، اسی کی رضا کے طالب، اسی کے احکام کے تابعدار، اس کی ممانعات سے پرہیز کرنے والے اور اللہ عزوجل کی خاطر کسی بھی ملامت کا خوف نہ کرنا۔

(يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ)

"اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو، اللہ اور اس کے رسول کی دعوت کو قبول کرو جب وہ تمہیں اس چیز کی طرف بلائیں جو تمہیں زندگی عطا کرتی ہے۔ اور جان رکھو کہ اللہ بندے اور اس کے قلب کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور یہ کہ اسی کے روبرو تمہیں جمع ہونا ہے" (الانفال: 24)۔

ولایہ شام میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ای میل: media@tahrir-syria.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org